1۔ ''دہلی اور نواحِ دہلی کی بولیاں اردو کی تشکیل کا اصل منبع اور سرچشمہ ہیں''۔
یہ نظریہ کس نے پیش کیا تھا؟
A) پروفیسر محمود شیرانی B) محمد حسین آزاد
C) پروفیسر مسعود حسین خان D) ڈاکٹر محی الدین قادری زور

2۔ اردو کا تعلق کس خاندان سے ہے؟
A) جدید ہند آریائی خاندان B) دراوڑی خاندان
C) ہند ایرانی خاندان D) سامی خاندان

3۔ کتاب ''مقدمہ تاریخ زبانِ اردو'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟
A) ڈاکٹر شوکت سبزواری B) پروفیسر مسعود حسین خان
C) سید سلیمان ندوی D) ڈاکٹر نصیر الدین ہاشمی

4۔ مغربی ہندی کی پانچ بولیوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔
A۔ برج بھاشا۔ بندیلی۔ پراکرت۔ ہریانی۔ سنسکرت
B۔ برج بھاشا۔ بندیلی۔ ہریانی۔ قنوجی۔ کھڑی بولی
C۔ اپ بھرنش۔ پنجابی۔ سندھی۔ قنوجی۔ ہریانی
D۔ کھڑی بولی۔ اپ بھرنش۔ پنجابی۔ سندھی۔ برج بھاشا

5۔ ان میں سے کون ماہر لسانیات نہیں ہے؟
A) شوکت سبزواری B) گریرسن
C) ڈاکٹر سہیل بخاری D) رشید احمد صدیقی

6۔ ڈاکٹر محی الدین قادری زور کی تصنیف کی نشاندہی کیجیے۔
A) پنجاب میں اردو B) ہندوستانی لسانیات
C) داستانِ زبان اردو D) دکن میں اردو

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

7۔''نظامی بیدری'' کا تعلق دکن کے کس دورِ سلطنت سے تھا؟

A)قطب شاہی دور B)عماد شاہی دور

C)بہمنی دور D)عادل شاہی دور

8۔مثنوی ''کدم راؤ پدم راؤ'' میں کدم راؤ کی حیثیت کیا ہے؟

A)بادشاہ B) وزیر

C)جوگی D)سپاہی

9۔میراں جی شمس العشاق کی نظم کا نام کیا ہے؟

A)خوش نامہ B)واحدِ باری

C)نوسر ہار D)خوب ترنگ

10۔ان میں سے کونسی تصنیف برہان الدین جانم کی نہیں ہے؟

A)حجت البقاء B)ارشادنامہ

C)کلمتہ الحقائق D) کتابِ نورس

11۔''کتاب نورس'' دکن کے کس بادشاہ کی تصنیف ہے؟

A)محمد قلی قطب شاہ B)ابراہیم عادل شاہ ثانی

C)نظام شاہ بہمنی D)یوسف عادل شاہ

12۔عادل شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

A)یوسف عادل شاہ B)علی عادل شاہ

C)ابراہیم عادل شاہ D) سلطان محمد عادل شاہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

13۔''جگت گرو'' کس بادشاہ کا لقب تھا؟

A) محمد قلی قطب شاہ B) سلطان قطب شاہ

C) ابراہیم عادل شاہ ثانی D) اسماعیل عادل شاہ

14۔خواجہ بندہ نواز گیسودراز کس بادشاہ کے دور میں دکن آئے اور وہ کہاں وفات پائے؟

A) فیروز شاہ بہمنی ۔گلبرگہ B) محمود شاہ بہمنی ۔ بیدر

C) محمد قلی قطب شاہ۔گولکنڈہ D) یوسف عادل شاہ۔ بیجاپور

15۔نصرتی کی پہلی تصنیف کی نشاندہی کیجیے۔

A) دیوانِ نصرتی B) علی نامہ

C) گلشن عشق D) تاریخ اسکندری

16۔مثنوی گلشن عشق کا موضوع کیا ہے

A) رموزِ عشق اور مسائل تصوف B) منوہر و مد مالتی کی داستانِ عشق

C) توحیدِ باری تعالی اور اخلاقِ حسنہ کا درس D) بہرام و حسن بانو کی داستانِ عشق

17۔قطب شاہی سلطنت کا بانی کون تھا؟

A) سلطان قلی قطب شاہ B) ابراہیم قطب شاہ

C) عبداللہ قطب شاہ D) محمد قلی قطب شاہ

18۔حیدرآباد کا چار مینار کس بادشاہ کے ذوقِ تعمیر کی یادگار ہے؟

A) عبداللہ قطب شاہ B) ابراہیم قطب شاہ

C) جمشید قلی D) محمد قلی قطب شاہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

19۔کس دکنی شاعر نے اپنے کلیات میں سترہ تخلص استعمال کیے؟

A)محمد قطب شاہ B)ابراہیم قطب شاہ

C)محمد قلی قطب شاہ D)یوسف عادل شاہ

20۔ملا وجہی کس بادشاہ کا درباری شاعر تھا؟

A)عبداللہ قطب شاہ B)محمد قلی قطب شاہ

C)علی عادل شاہ D)یوسف عادل شاہ

21۔مثنوی ''پھول بن'' کس کی تخلیق ہے؟

A)ابنِ نشاطی B)غواصی

C)نصرتی D)وجہی

22۔مثنوی ''قطب مشتری'' میں مشتری کا اصل نام کیا ہے؟

A)دلارام B)بھاگیالکشمی

C)بھاگ متی D)ساوتری

23۔دکن کے کس بادشاہ کو مثنوی ''قطب مشتری'' کا ہیرو بنایا گیا ہے؟

A)عبداللہ قطب شاہ B)ابراہیم قطب شاہ

C)سلطان قلی قطب شاہ D)محمد قلی قطب شاہ

24۔ملا وجہی نے ''سب رس'' کس بادشاہ کی فرمائش پر لکھی تھی؟

A)عبداللہ قطب شاہ B)محمد قلی قطب شاہ

C)ابراہیم قطب شاہ D)یوسف عادل شاہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

25۔''سب رس'' کی کہانی کس قصہ سے ماخوذ ہے؟

A)داستانِ امیر حمزہ سے ماخوذ ہے　　B)دستورِ عشاق کے نثری خلاصہ قصہ حسن ودل سے ماخوذ ہے

C)لیلیٰ مجنوں کے قصہ سے ماخوذ ہے　　D)قصہ الف لیلی سے ماخوذ ہے

26۔غواصی نے تین مثنویاں لکھیں دو مثنویوں کے نام درج ہیں اور تیسری مثنوی کے نام کی نشاندہی کیجیے:

سیف الملوک وبدیع الجمال

طوطی نامہ

۔۔۔۔۔۔۔۔۔۔

A)پھول بن　　B)مینا ستونتی

C)یوسف زلیخا　　D)من لگن

27۔غواصی کی مثنوی ''طوطی نامہ'' کل کتنی کہانیوں پر مشتمل ہے؟

A)پینتالیس　　B)پچاس

C)ساٹھ　　D)ستر

28۔ابن نشاطی کا اصل نام کیا تھا؟

A)شیخ فخر الدین　　B)شیخ سیف الدین

C)شیخ نورالدین　　D)شیخ صلاح الدین

29۔اس شاعر کی نشاندہی کیجیے جس کا دبستانِ دہلی سے تعلق نہیں تھا۔

A)میر انیس　　B)میر تقی میر

C)غالب　　D)داغ

30۔آتش کا تعلق کس دبستانِ شاعری سے تھا؟

A)دبستانِ عظیم آباد　　B)دبستانِ رام پور

C)دبستان دہلی　　D)دبستانِ لکھنو

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

31۔مثنوی ایک ۔۔۔۔صنف ہے

A)مزاحیہ B)بیانیہ

C)رزمیہ D)مدحیہ

32۔بے نظیر اور بدر منیر کس مثنوی کے کردار ہیں؟

A)مثنوی گلزار نسیم B)مثنوی زہرِ عشق

C)مثنوی سحرالبیان D)مثنوی خواب وخیال

33۔نظیر اکبرآبادی کا اصل نام کیا ہے؟

A)شیخ محمد ولی B) شیخ ولی محمد

C)شیخ ولی اللہ D)شیخ محمد علی

34۔مثنوی گلزار نسیم کو شاعرانہ اور فنکارانہ تخلیق کا معجزہ کس نے کہا تھا؟

A)پروفیسر احتشام حسین B)کلیم الدین احمد

C)رشید احمد صدیقی D)گیان چند جین

35۔''رَجز'' کس صنفِ سخن کا جزو ہے؟

A)قصیدہ B)غزل

C)مرثیہ D)رباعی

36۔ زندگی کیا ہے عناصر میں ظہور ترتیب
موت کیا ہے ان ہی اجزاء کا پریشاں ہونا

یہ شعر کس کا ہے؟

A) چکبست B)فانی بدایونی

C)جگر مرادآبادی D)جوش ملیح آبادی

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

37۔ولی دکنی جب 1700 میں دہلی گئے تو وہاں ان کی ملاقات کس عالمِ ادب سے ہوئی ؟

A)شاہ گلشن B)خواجہ میر درد

C)شاہ حاتم D)مظہر جانِ جاناں

38۔مت غصہ کے شعلہ سوں جلتے کوں جلاتی جا

ٹک مہر کے پانی سوں یہ آگ بجھاتی جا

یہ شعر کس کا ہے؟

A)محمد قلی قطب شاہ B)غواصی

C)نصرتی D)ولی دکنی

39۔ گر چہ پابندِ لفظ ہوں لیکن

دل مرا عاشقِ معانی ہے

یہ شعر کس کا ہے؟

A)ولی اورنگ آبادی B)میر درد

C)میر تقی میر D)مرزا رفیع سودا

40۔صحیح لفظ لگا کر نظیر اکبر آبادی کا یہ مصرعہ مکمل کیجیے:

اور۔۔۔ہی اُن کی چراتے ہیں جوتیاں

A)چور B) راہ زن

C) آدمی D) بدخواہ

41۔اس شعر کو صحیح لفظ لگا کر مکمل کیجیے:

میرؔ ان نیم باز آنکھوں میں

ساری مستی۔۔۔کی سی ہے

A) گلاب B)عذاب

C)سراب D)شراب

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

42۔مرزا رفیع سودا کا میدانِ خاص کیا تھا؟

A)مرثیہ B)داستان

C)قصیدہ D)مثنوی

43۔ذیل میں سے میر درد کے شعر کی نشاندہی کیجیے:

A) وائے ناکامی کہ وقتِ مرگ یہ ثابت ہوا
خواب تھا جو کچھ کہ دیکھا جو سنا افسانہ تھا

B) میں دیکھوں تجھے اور تو اغیار کو
کوئی گل کو چاہے کوئی خار کو

C) اس کے رخسار دیکھ جیتا ہوں
عارضی مری زندگانی ہے

D) آسان کہنے کی کرتے ہیں فرمائش
گویم مشکل وگرنہ گویم مشکل

44۔ذیل میں دیے گئے شعراء میں سے صحیح تخلص کا انتخاب کرکے یہ شعر مکمل کیجیے:

گرچہ ہے ملکِ دکن میں ان دنوں قدرِ سخن
کون جائے ۔۔۔۔ پر دلی کی گلیاں چھوڑ کر

A)ذوقؔ B)جوشؔ

C)میرؔ D)داغؔ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

45۔ اے شمع تری عمرِ طبیعی ہے ایک رات
ہنس کر گذار یا اسے رو کر گذار دے
یہ شعر کس شاعر کا ہے؟
A) غالب B) ذوق
C) داغ D) مومن

46۔ مغل بادشاہ کی طرف سے نجم الدولہ، دبیر الملک اور نظام جنگ کے خطابات کس شاعر کو عطا کیے گئے؟
A) شاہ حاتم B) میر تقی میر
C) خواجہ میر درد D) غالب

47۔ میر تقی میر کا اصل نام کیا ہے؟
A) میر تقی B) محمد تقی
C) مرزا تقی D) سید تقی عابدی

48۔ ''غالب سے پہلے اردو شاعری دل والوں کی دنیا تھی غالب نے اسے ذہن دیا''
یہ قول کس کا ہے؟
A) آل احمد سرور B) رشید احمد صدیقی
C) احتشام حسین D) کلیم الدین احمد

49۔ شمع ہر رنگ میں جلتی ہے ۔ ۔ ۔ ۔ ۔ ہونے تک
صحیح لفظ لگا کر مصرع مکمل کیجیے۔
A) اثر B) نظر
C) سحر D) خبر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

50۔1857 کی جنگِ آزادی میں ناکامی پر کس شاعر کو انگریزوں نے گرفتار کر کے رنگون بھیجا تھا؟

A)بہادر شاہ ظفر B)غالب

C)شاہ نصیر D)اکبر الہ آبادی

51۔علی سکندر کس شاعر کا اصل نام ہے؟

A)حسرت موہانی B)جگر مراد آبادی

C)جوش ملیح آبادی D)ساحر لدھیانوی

52۔ان میں سے جگر مراد آبادی کے مجموعہ کلام کی نشاندہی کیجیے۔

A)صحیفتہ الغزل B)روحِ کائنات

C)نغمۂ گل D)آتشِ گل

53۔''واہ رے واہ آپ نے تو کمال کر دیا'' اس جملے میں حروفِ فجائیہ کی شناخت کیجیے۔

A)واہ رے واہ B)کمال

C)کر دیا D)آپ

54۔ذیل میں سے اسم صوت پہچانیے۔

A) پگڑی B)ڈھولک

C)تلوار D)ٹن ٹن

55۔گیان پیٹھ ایوارڈ سے نوازے گئے شاعر کی نشاندہی کیجیے۔

A)حسرت موہانی B)جگر مراد آبادی

C)فراق گورکھ پوری D)جوش ملیح آبادی

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

56۔ان میں سے کونسا شعری مجموعہ فراقؔ کا نہیں ہے؟

A)روحِ کائنات B)نغمہ راز

C)روپ D)شبستان

57۔کس شاعر نے ظرافت کی آڑ میں مغربی تہذیب کو طنز کا نشانہ بنایا تھا؟

A)ن۔م راشد B)جوش ملیح آبادی

C)اکبرالہ آبادی D)تلوک چند محروم

58۔''مسدس'' میں کتنے مصرعے ہوتے ہیں؟

A)آٹھ B)چھے

C)چار D)پانچ

59۔''اکبر گرتے پڑتے گھر تک پہنچا'' اس جملے میں حروفِ جار کی شناخت کیجیے۔

A)گھر B)تک

C)پہنچا D)اکبر

60۔ذیل میں سے ضمیر اشارہ کی شناخت کیجیے:

A)تم B)آئے

C)وہ D)قلم

61۔ عاشق کہو اسیر کہو آگرے کا ہے
ملا کہو دبیر کہو آگرے کا ہے

اس شعر کے حوالے سے اپنے وطن آگرہ سے والہانہ محبت کرنے والے شاعر کی نشاندہی کیجیے:

A)اکبرالہ آبادی B)مومن خان مومن

C)تلوک چند محروم D)نظیر اکبرآبادی

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

62۔ان میں سے کونسی نظم نظیر اکبر آبادی کی نہیں ہے؟

A)خوش نامہ B)ہنس نامہ

C)بنجارہ نامہ D) آدمی نامہ

63۔پانچ پانچ مصرعوں کے بند والی نظم کو۔۔۔۔کہتے ہیں

A)رباعی B)مخمس

C)مربع D)مستزاد

64۔''اللہ جس کو عزت دیتا ہے اسے کوئی مٹا نہیں سکتا'' اس جملے میں ضمیر موصولہ پہچانیے۔

A)جس کو B)عزت

C)اللہ D)مٹا

65۔ذیل کے الفاظ میں سے ''جمع'' کی شناخت کیجیے۔

A)دن B)ٹوپیاں

C)مندر D) کتاب

66۔اردو میں پہلے پہل موضوعاتی نظمیں لکھنے کی بنیاد کس نے رکھی؟

A)محمد حسین آزاد B)داغ دہلوی

C)ذوق D)سرسید

67۔مولانا حالی نے کن استاد شعراء کی صحبت میں رہ کر فیض اٹھایا تھا؟

A)شاہ حاتم اور آتش B)غالب اور مصحفی

C)شیفتہ اور میر حسن D)غالب اور شیفتہ

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

68۔حالؔی نے اپنی نظم ''مدوجزرِاسلام'' کس کی فرمائش پر لکھی تھی؟

A)سرسید　　B)مولانا آزاد

C)غالب　　D)بہادرشاہ ظفر

69۔ان میں سے صفتِ مقداری کی شناخت کیجیے۔

A)دبیرالملک　　B)بہادرلڑکی

C)نیلاآسمان　　D)ایک مٹھی چاول

70۔''حامدکل دلی گیا تھا''

اس جملے میں فعلِ ماضی پہچانیے

A)حامد　　B)گیا تھا

C)کل　　D)دلی

71۔کس شاعرنے شاعری میں سادگی، جوش اوراصلیت پرزوردیا تھا؟

A)محمدحسین آزاد　　B)میرتقی میر

C)مولاناحالی　　D)مولاناشبلی

72۔''مقدمہ شعروشاعری'' کواردوشاعری کاپہلا مینی فیسٹوکس نے قراردیا تھا؟

A)مسعودحسین خان　　B)نیازفتح پوری

C)مجنوں گورکھ پوری　　D)آل احمدسرور

73۔ان میں سے کون بچوں کے شاعرکی حیثیت سے مشہورہوئے؟

A)اکبرالہ آبادی　　B)اسماعیل میرٹھی

C)چکبست　　D)خواجہ میردرد

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

74۔فیض احمد فیضؔ کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

A)1911۔سیالکوٹ B)1916۔لاہور

C)1918۔پنجاب D)1919۔کراچی

75۔ترتیب کے لحاظ سے فیض کے شعری مجموعوں کے صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے۔

A) نقشِ فریادی۔دستِ صبا۔زنداں نامہ۔دستِ تہہ سنگ۔سروادیِ سینا۔غبارِ ایام۔مرے دل مرے مسافر۔شامِ شہر یاراں

B) نقشِ فریادی۔غبارِ ایام۔دستِ صبا۔مرے دل مرے مسافر۔شامِ سحر یاراں۔زنداں نامہ۔دستِ تہہ سنگ۔سروادیِ سینا

C) نقشِ فریادی۔دستِ صبا۔زنداں نامہ۔دستِ تہہ سنگ۔سروادیِ سینا۔شامِ شہرِ یاراں۔مرے دل مرے مسافر۔غبارِ ایام

D) نقشِ فریادی۔دستِ تہہ سنگ۔زنداں نامہ۔سروادی سینا۔غبارِ ایام۔مرے دل مرے مسافر۔شامِ شہر یاراں۔دستِ صبا

76۔نظم ''شیشوں کا مسیحا کوئی نہیں''،فیض کے کس مجموعہ میں شامل ہے؟

A)دستِ صبا B)نقشِ فریادی

C)زنداں نامہ D)دستِ تہہ سنگ

77۔اقبال کے مجموعہ 'بانگِ درا' کی آخری نظم کی نشاندہی کیجیے۔

A)ہمالہ B)طلوعِ اسلام

C)خضرِ راہ D)شکوہ

78۔ ہوں زمیں پر گذر فلک پر مرا

دیکھ تو کس قدر رسا ہوں میں

اقبالؔ کے اس شعر میں کون کس سے مخاطب ہے؟

A)فرشتہ انسان سے B)مرشد اپنے خلیفہ سے

C)عقل دل سے D)استاد شاگرد سے

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

79۔ذیل میں سے مذکرِ حقیقی پہچانیے ۔

A)باپ		B)پانی

C)لوہا		D)دعا

80۔''لڑکے محنت کرتے تو کامیاب ہوتے'' اس جملے میں ماضی تمنائی پہچانیے ۔

A)محنت کرتے		B)لڑکے

C)کامیاب		D)تو

81۔ مرتا ہوں خامشی پر یہ آرزو ہے میری

------------------

صحیح مصرع کا انتخاب کر کے شعر مکمل کیجیے:

A)ننھے سے دل میں اس کے کھٹکا نہ کچھ مرا ہو

B)رونا مرا وضو ہو نالہ مری دعا ہو

C)شرمائے جس سے جلوے خلوت میں وہ ادا ہو

D)دامن میں کوہ کے اک چھوٹا سا جھونپڑا ہو

82۔ میں نے چاقو تجھ سے چھینا ہے تو چلاتا ہے تو

مہرباں ہوں میں مجھے نامہرباں سمجھا ہے تو

اقبالؔ کے اس شعر میں ''میں نے'' کا اشارہ کس کی طرف ہے؟

A)ماں کی طرف		B)بہن کی طرف

C)بھائی کی طرف		D)شاعر کی طرف

83۔مجازؔ کے شعری مجموعہ کی نشاندہی کیجیے۔

A)آہنگ		B)یادیں

C)بنتِ لمحات		D)جوئے شعر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

84۔مخدوم محی الدین کے شعری مجموعوں کے نام ۔۔۔۔ ہیں۔

A) کچھ ذرے کچھ تارے اور حدیثِ عمرِ گریزاں B) سرخ سویرا اور گلِ تر

C) فکرِ جمیل اور شبستان D) روحِ کائنات اور نغمہ گل

85۔''نئی دنیا کو سلام'' اور ''ایشیاء جاگ اٹھا'' کس شاعر کے شعری مجموعے ہیں؟

A) میرا جی B) جاں نثار اختر

C) ساحر لدھیانوی D) سردار جعفری

86۔ساحر لدھیانوی کا اصل نام کیا ہے؟

A) احمد شاہ قاسمی B) عبدالحی

C) سکندر علی D) معین احسن

87۔''آؤ کہ کوئی خواب بنیں'' کس کا شعری مجموعہ ہے؟

A) جوش B) مجاز

C) ساحر لدھیانوی D) سردار جعفری

88۔میر امن نے کس کی فرمائش پر داستانِ چہار درویش کو اردو میں باغ و بہار کے نام سے منتقل کیا تھا؟

A) رام بابو سکسینہ B) کرنل اسکاٹ

C) ڈاکٹر اسپرنگر D) جان گل کرسٹ

89۔ان میں سے کون فورٹ ولیم کالج کے مصنفین میں شامل نہیں تھا؟

A) انشاءاللہ خان انشاء B) میر شیر علی افسوس

C) میر بہادر علی حسینی D) حیدر بخش حیدری

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

90۔دلی کالج کے قیام کا بنیادی مقصد کیا تھا؟

A)جدید علوم کو عام کرنا　　B)دینی علوم کی اشاعت کرنا

C)لڑکیوں کو تعلیم سے آراستہ کرنا　　D)بے روزگاری دور کرنا

91۔انگلستان سے واپسی کے بعد سرسید نے کونسا رسالہ جاری کیا تھا؟

A)زمین دار　　B)اودھ پنچ

C)نیا دور　　D)تہذیب الاخلاق

92۔''حیاتِ جاوید'' کیا ہے؟

A)ناول　　B)داستان

C)سوانح　　D)تذکرہ

93۔شبؔلی نے حاؔلی کی کس کتاب کو مدلل مدّاحی اور کتاب المناقب کہا تھا؟

A)مقدمہ شعروشاعری　　B)حیاتِ جاوید

C)یادگارِ غالب　　D)مجالس النساء

94۔اردو کے پہلے ناول نگار کا نام کیا ہے؟

A)سرشار　　B)شرر

C)پریم چند　　D)ڈپٹی نذیر احمد

95۔''مجالس النساء'' کس کی تصنیف ہے؟

A)حالی　　B)سرسید

C)راشدالخیری　　D)ڈپٹی نذیر احمد

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

96۔ ذیل میں سے مولانا شبلی کی تصنیف کی نشاندہی کیجیے۔

A) موازنہ انیس و دبیر　　B) ایامیٰ

C) تاریخِ ہندوستان　　D) اسبابِ بغاوتِ ہند

97۔ مرزا رجب علی بیگ سرور کو کس کتاب کے سبب حیاتِ جاوید حاصل ہوئی؟

A) گلزارِ سرور　　B) سرورِ سلطانی

C) شگوفۂ محبت　　D) فسانۂ عجائب

98۔ ناول کا بنیادی جزو کیا ہے؟

A) منظر کشی　　B) نقطہ نظر

C) قصہ　　D) مکالمہ

99۔ ان میں سے کون تاریخی ناول نگار کی حیثیت سے اپنی پہچان رکھتے ہیں؟

A) عبدالحلیم شرر　　B) پریم چند

C) ڈپٹی نذیر احمد　　D) سرشار

100۔ پریم چند کے ناول ''میدانِ عمل'' کے مرکزی کردار کی نشاندہی کیجیے۔

A) ہوری　　B) امر کانت

C) دھنیا　　D) تلوکا

101۔ ان میں سے کونسا ناول قرۃ العین حیدر کا نہیں ہے؟

A) ایسی بلندی ایسی پستی　　B) میرے بھی صنم خانے

C) سفینۂ غمِ دل　　D) آخرِ شب کے ہم سفر

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

102۔کرشن چندر کب اور کہاں پیدا ہوئے؟

A)1910۔ہریانہ B)1912۔کشمیر

C)1914۔پنجاب D)1916۔لاہور

103۔ذیل میں سے کرشن چندر کی کہانیوں کا مجموعہ کونسا ہے؟

A)ہم وحشی ہیں B)زندگی کا میلہ

C)قفس D)گرہن

104۔عصمت چغتائی کا وہ کونسا افسانہ ہے جس پر فحاشی کا الزام لگا تھا؟

A)چوتھی کا جوڑا B)لحاف

C)بچھو پھوپی D)ننھی کی نانی

105۔حیات اللہ انصاری کے افسانوں کے مجموعے کا نام کیا ہے؟

A)شکستہ کنگورے B)آبلے

C)درودیوار D)آنچل

106۔افسانوں کے مجموعے ''زعفراں کے پھول''اور''میں کون ہوں'' کے مصنف کا نام کیا ہے؟

A)بیدی B)خواجہ احمد عباس

C)حیات اللہ انصاری D)منٹو

107۔ذیل میں سے کس افسانہ نگار نے شعور کی رو سے کام لے کر افسانے کو ایک نئی جہت عطا کی؟

A)کرشن چندر B)بیدی

C)قرۃ العین حیدر D)پریم چند

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

108۔ان میں سے اردو کا پہلا نقاد کون ہے؟

A) کلیم الدین احمد B) احتشام حسین

C) علامہ شبلی D) مولانا حالی

109۔افسانہ ''ٹوبہ ٹیک سنگھ'' کا موضوع کیا ہے؟

A) خاتونِ خانہ کے مسائل B) کسانوں کے مسائل

C) بے روزگاری کے مسائل D) تقسیمِ ہند کے واقعات

110۔''دانہ ودام'' اور'' کوکھ جلی'' کس افسانہ نگار کے مجموعے ہیں؟

A) عصمت چغتائی B) قرۃ العین حیدر

C) راجندر سنگھ بیدی D) منٹو

111۔ڈراما'' آگرہ بازار'' میں کل کتنے ایکٹ ہیں؟

A) دو B) تین

C) چار D) پانچ

112۔نظیر اکبر آبادی کی شخصیت اور زندگی کو بنیاد بنا کر کونسا ڈرامہ لکھا گیا؟

A) شطرنج کے مہرے B) آگرہ بازار

C) ضحاک D) دروازے کھول دو

113۔ان میں سے ڈاکٹر محمد حسن کے ڈرامے کا نام کیا ہے؟

A) رستم وسہراب B) ضحاک

C) شطرنج کے مہرے D) چرنداس چور

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

114۔ڈاکٹر محمد حسن کا ڈراما ضحاک میں کل کتنے منظر ہیں؟

A)پانچ B)چھے

C)سات D)آٹھ

115۔ڈراما ''خانہ جنگی'' کل کتنے ایکٹ پر مشتمل ہے؟

A)پانچ B)چھے

C)سات D)آٹھ

116۔صحیح زمرے کی نشاندہی کیجیے :

A) پریم چند۔کالو بھنگی

B) ڈاکٹر محمد حسن۔پیسہ اور پرچھائیں

C) میرامن۔فسانہ عجائب

D) ڈپٹی نذیر احمد۔خانہ جنگی

117۔ضحاک کے کاندھوں پر کیا اگے ہوئے تھے؟

A)دو طوطے B)دو زہریلے سانپ

C)دو سینگ D)دو گدھ

118۔ذیل میں سے صفتِ ذاتی کی نشاندہی کیجیے۔

A)تاج محل B)مسافر

C)شریر لڑکا D)چار پانچ

119۔ذیل میں سے اسمِ ظرفِ مکاں کی نشاندہی کیجیے۔

A)شام B)مدرسہ

C)چاقو D)مسیح الملک

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com

120۔نوشابہ اور فریدون کس ڈرامے کے کردار ہیں؟

A)ضحاک B)آگرہ بازار

C)شطرنج کے مہرے D)خانہ جنگی

☆☆☆☆☆

PDF created with pdfFactory Pro trial version www.pdffactory.com